SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر IX مجریہ 2011

SINDH ORDINANCE NO.IX OF 2011

سندھ لینڈ روینیو (ترمیم) آرڈیننس، 2011

THE SINDH LAND REVENUE (AMENDMENT) ORDINANCE, 2011

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2. مغربی پاکستان ایکٹ XVII مجریہ 1967 کی دفعہ ۹ میں ترمیم

Amendment of Section 9 of West Pakistan Act XVII of 1967

سندھ آرڈیننس نمبر IX مجریہ 2011

SINDH ORDINANCE NO.IX OF 2011

سندھ لینڈ رونیو (ترمیم) آرڈیننس، 2011

THE SINDH LAND REVENUE (AMENDMENT) ORDINANCE, 2011

[16 اگست، 2011]

آرڈیننس جس سے سندھ لینڈ رونیو ایکٹ، 1967 میں ترمیم کی جائیگی، تاکہ سندھ صوبے میں امن امان اور ہم آہنگی کو فروغ دیا جا سکے۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ یہ سازگار ماحول فراہم کرنا اور صوبہ سندھ میں امن اور ہم آہنگی کو فروغ دینا اور سندھ لینڈ ریونیو ایکٹ ، 1967 میں مناسب ترمیم کرنا ضروری ہوگیا ہے، جو کہ اس طرح سے ہوگی۔

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سند ھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہوگیا ہے۔

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان 1973 کے آئین کے آرٹیکل 128 کی شق (1) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال

میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ لینڈ روینیو (ترمیم) آرڈیننس، 2011 کہا جائیگا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

مغربی پاکستان ایکٹ XVII مجریہ 1967 کی دفعہ ۹ میں ترمیم
Amendment of Section 9 of West Pakistan Act XVII of 1967

2. سندھ لینڈ روینیو ایکٹ، 1967 کی ذیلی دفعہ (9) کے اختتام میں فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائیگا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیئے جائینگے:-

"بشرطیکہ اس دفعہ کا اطلاق حیدرآباد اور کراچی کے اضلاع پر نہیں ہوگا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔